# دو جاسوس

محمد اقبال شمس

نام تو ان کا تھا سیٹھ نزاکت، مگر وہ تھے ایک موٹے جسم کے مالک۔ یہی وجہ تھی کہ وہ روز صبح سویرے ورزش کے لئے قریبی پارک میں چلے جاتے تھے، تاکہ اپنا وزن کم کر سکے۔ ایک دن وہ حسب معمول ورزش کر رہے تھے کہ اچانک انھیں محسوس ہوا جیسے کوئی چیز ان کے جسم سے ٹکرائی ہو۔ انھوں نے فوراً پیچھے مڑ کر دیکھا تو دو آدمی ان کے پیچھے کھڑے ہوئے تھے۔

ان میں سے ایک نے ان کی کمر میں پستول لگا رکھی تھی۔

"خبردار ہلنا نہیں۔" ان میں سے ایک بولا۔

"بھائی! کیسی بات کر رہے ہو۔ بغیر ہلے بھلا کوئی ورزش کیسے کر سکتا ہے؟" انھوں نے جواب دیا۔

"ہم جیسا کہتے ہیں، بس ایسے ہی کرتے جاؤ۔" اس بار دوسرا شخص بولا۔

"ارے تو سیدھا سیدھا بولو کہ آپ لوگ مجھے کوئی نئی ورزش سکھانا چاہ رہے ہیں، اچھا ٹھیک ہے، بولیں اب کیا کرنا ہے۔"

"وہ معصومیت سے بولے۔

"خاموش! تمہیں معلوم نہیں ہے۔ تم اغوا ہو رہے ہو۔" وہ پستول ان کی کمر پر چبھوتے ہوئے بولا۔

"ہیں! اغوا! وہ بھی دن دہاڑے۔" وہ حیرت سے بولے۔

"دن دہاڑے نہیں، بلکہ صبح سویرے۔ اغوا کرنا ہمارا کام ہے اور کام کے لئے صبح سویرے ہی نکلا جاتا ہے۔ وہ سامنے سفید رنگ کی کار نظر آ رہی ہے۔ چپ چاپ اس میں بیٹھ جاؤ۔

اگر کوئی چالاکی کی تو پھر مارے جاؤ گے۔" پہلا شخص غصے سے بولا۔

"دیکھو میرے پاس بھی کار ہے۔ ایسا کریں، آپ لوگ چلیں، میں آپ لوگوں کے پیچھے آتا ہوں۔"

"ہمیں بے وقوف سمجھ رکھا ہے۔ زیادہ ہوشیاری دکھانے کی ضرورت نہیں، شرافت سے کار میں بیٹھو۔" وہی شخص غصے سے بولا۔

نہ چاہتے ہوئے بھی انھیں کار میں بیٹھنا پڑا۔ ان کے بیٹھتے ہی کار فراٹے بھرتی ہوئی نہ معلوم منزل کی طرف روانہ ہوگئی۔

فون کی گھنٹی مسلسل بج رہی تھی۔ پاس ہی کرسی پر بیٹھا ہوا ایک شخص میز پر سر رکھ کر خراٹے لے رہا تھا۔ جبکہ اس کا ایک اور ساتھی بھی میز کے دوسرے سرے پر سر رکھ کر سو رہا تھا۔ فون کی گھنٹی پر وہ شخص ہڑبڑاتے ہوئے اٹھا اور فون اٹھاتے ہوئے بولا: "ہیلو! جی!!! کیا کہا، نلکے میں پانی نہیں آ رہا؟ تو آپ کسی پلمبر سے رابطہ کریں۔ اب ہم نلکے میں گھس کر منہ سے پانی تو کھینچنے سے رہے۔ دیکھیں! ہم نے یہ اشتہار ضرور دیا تھا کہ اپنے مسئلے ہم سے حل کروائیں، مگر اس طرح کے مزدوری والے مسئلے ہم حل نہیں کرتے ہیں۔"

یہ کہہ کر اس نے بیزاری میں فون رکھ دیا۔ اسی دوران اس کا دوسرا ساتھی بھی جماہی لیتا ہوا اٹھ چکا تھا۔ یہ دونوں دوست تھے۔ ایک کا نام کلیم اور دوسرے کا نوید تھا۔ نوکری نہ ملنے کی وجہ سے دونوں نے فیصلہ کیا کہ بیروزگاری سے بہتر ہے کہ کیوں نہ پرائیویٹ جاسوس بن جائیں۔

پھر انھوں نے ایک دفتر کھول لیا اور اخبار میں اشتہار دے دیا تھا کہ اپنے مسئلے ہم سے حل کروائیں، مگر ابھی تک ان کی خدمات لینے کوئی نہیں آیا تھا۔

وہ دونوں یونہی بیٹھے مکھیاں مار رہے تھے کہ اچانک دفتر کا دروازہ کھلا۔ ایک پینتیس سالہ خاتون اندر داخل ہوئیں، جسے دیکھ کر دونوں کے چہروں پر خوشی کی ایک لہر دوڑ اٹھی۔

سیٹھ نزاکت کی اہلیہ عالیہ بیگم نے اپنے ملازم غفور سے پوچھا: "ارے تمہارے صاحب ابھی تک ورزش سے واپس نہیں آئے؟"

"نہیں بیگم صاحبہ! صاحب تو ابھی تک نہیں آئے۔"

اسی دوران فون کی گھنٹی بجی۔ غفور نے فون اٹھایا۔

"کون ہے؟" اسی دوران عالیہ بیگم نے پوچھا۔

"معلوم نہیں بیگم صاحبہ! آپ سے کوئی بات کرنا چاہ رہا ہے۔"

عالیہ بیگم نے فون اٹھایا تو دوسری طرف سے آواز آئی: "آپ کے شوہر ہمارے قبضے میں ہیں۔ ہم نے ان کو اغوا کر لیا ہے۔"

"کیا!!" وہ چیخی اور فون ان کے ہاتھ سے گرتے گرتے بچا۔

"میری بات دھیان سے سنو، فوراً پچیس لاکھ کا بندوبست کرو اور اپنا شوہر لے جاؤ۔ ہم تھوڑی دیر بعد پھر فون کریں گے اور خبردار پولیس کو اطلاع دی تو بہت بڑا نقصان اٹھاؤ گی۔" دوسری طرف سے فون منقطع ہوگیا۔ اغوا کا سن کر انھیں جیسے سکتہ طاری ہوگیا تھا۔

"ارے! کیا کہہ رہی ہو عالیہ! نزاکت کو کسی نے اغوا کر لیا ہے، مگر وہ اس کو اٹھا کر کیسے لے گئے ہوں گے؟ وہ تو بہت وزنی ہے۔

"عالیہ بیگم نے فون پر جب اپنی والدہ کو اپنے شوہر کے اغوا والی بات بتائی تو وہ بولیں۔

"ارے امی جان! وہ ان کو گود میں اٹھا کر تھوڑی لے کر گئے ہوں گے، کار میں لے کر گئے ہوں گے۔" عالیہ بیگم بولی۔

"پولیس میں رپورٹ درج کروائی؟"

"نہیں امی! انھوں نے پولیس کو بتانے سے منع کیا ہے۔"

"پھر کیا کریں؟" انھوں نے پریشانی میں پوچھا۔

عالیہ بیگم نے کچھ سوچتے ہوئے کہا: "یاد آیا، کچھ دن پہلے میری نظروں سے ایک اشتہار گزرا تھا۔ یہ پرائیویٹ جاسوس ہیں۔ کیوں نہ ان کی خدمات لی جائیں؟"

"ہاں یہ ٹھیک رہے گا۔" والدہ نے بھی اس بات کی تائید کی۔

پھر عالیہ بیگم ان کے دفتر جانے کے لئے روانہ ہوگئیں۔

اپنے دفتر میں کسی خاتون کو آتا دیکھ کر دونوں جاسوس سیدھے ہو کر بیٹھ گئے۔

"تشریف رکھیے۔" کلیم نے عالیہ بیگم کو کرسی پر بیٹھنے کا اشارہ کرتے ہوئے کہا۔

"شکریہ" وہ کرسی پر بیٹھتے ہوئے بولیں۔ پھر انھوں نے اپنا تعارف کروایا: "میرا نام عالیہ ہے۔ آج صبح سویرے میرے شوہر سیٹھ نزاکت کو کسی نے اغوا کر لیا ہے اور انھوں نے پولیس کو بتانے کی صورت میں سنگین نتائج کی دھمکی دی ہے، اس لئے میں آپ لوگوں کی خدمت حاصل کرنے آئی ہوں۔

آپ لوگ کسی طرح میرے شوہر کو ان بدمعاشوں کے چنگل سے چھڑا لیں۔"

"بیگم صاحبہ! آپ پریشان نہ ہوں۔ ان شاء اللہ بہت جلد آپ کے شوہر آپ کے گھر میں ہوں گے۔ اب انھوں نے آپ کو دوبارہ فون کرنے کے لئے کب کہا ہے؟"

"کل شام سات بجے۔" انھوں نے بتایا۔

"ٹھیک ہے، ہم کل شام پونے سات بجے آپ کے گھر پر ہوں گے۔ آپ اپنے گھر کا پتا لکھوا دیں۔



"عالیہ بیگم انھیں اپنے گھر کا پتا لکھوانے لگی۔

دروازے پر گھنٹی مسلسل بج رہی تھی۔ غفور نے جا کر دروازہ کھولا تو وہاں دو خواتین کو موجود پایا۔

"جی! آپ کو کس سے ملنا ہے؟"

"ہمیں بیگم عالیہ صاحبہ سے ملنا ہے۔"

"اچھا آپ ٹھہریں، میں ابھی ان کو بلاتا ہوں۔" یہ کہہ کر غفور اندر کی طرف چلا گیا۔

تھوڑی دیر بعد عالیہ بیگم آئیں اور ان سے بولیں: "جی! فرمائیے میں نے آپ کو پہچانا نہیں کون ہیں آپ؟" وہ انھیں غور سے دیکھتے ہوئے بولیں۔

"ارے بیگم صاحبہ! آپ نے پہچانا نہیں؟ ہم ہیں پرائیویٹ جاسوس، آپ کل ہمارے دفتر آئیں تھیں۔"

"لیکن! آپ نے یہ حلیہ کیا بنایا ہوا ہے؟" عالیہ بیگم نے حیرت سے پوچھا۔

"ارے بیگم صاحبہ! یہ ہمارے کام کا ایک حصہ ہے۔ اچھا! ان لوگوں کو فون تو نہیں آیا؟"

"نہیں نہیں ابھی نہیں آیا۔ آپ لوگ اندر آئیں۔" وہ ان دونوں کو گھر کے اندر لے کر آئیں۔

ابھی تھوڑی ہی دیر گزری ہوگی کہ اچانک فون کی گھنٹی بجی۔

"ہیلو" ایک جاسوس نے ریسور کان سے لگاتے ہوئے کہا۔

"آپ بیگم نزاکت بول رہی ہیں" دوسری طرف سے آواز آئی۔

"جی میں بیگم نزاکت بول رہی ہوں۔"

"آپ کی آواز کل سے کچھ مختلف سی لگ رہی ہے۔" دوسری طرف سے حیرانگی تھی۔

"جی! دراصل میں رات بھر روتی رہی ہوں، اس وجہ سے آواز مختلف لگ رہی ہوگی۔

اچھا یہ بتائیں پیسے کب اور کہاں لانے ہیں؟"

"ہاں! یہ ہوئی نہ کام کی بات۔" پھر وہ اسے پتا سمجھانے لگا۔

دونوں جاسوس جو عورتوں کے حلیے میں تھے۔ عالیہ بیگم کے ساتھ کار میں بیٹھ کر اغوا کاروں کے بتائے ہوئے پتے پر پہنچے اور عالیہ بیگم سے کہا: "بیگم صاحبہ! آپ ہمارا یہیں کار میں بیٹھ کر انتظار کریں، ہم سیٹھ صاحب کو ان بدمعاشوں کے چنگل سے چھڑوا کر ابھی لاتے ہیں۔"

یہ کہہ کر وہ دونوں بریف کیس تھامے آگے کی طرف بڑھنے لگے۔

ان دونوں کو آتا ہوا دیکھ کر باس بولا: "آخر وعدے کے مطابق آپ آ گئیں، لیکن! آپ دونوں میں سے بیگم نزاکت کون ہے؟"

وہ دو خواتین کو دیکھ کر حیران رہ گیا تھا۔

"میں ہوں۔" ایک جاسوس آگے بڑھتے ہوئے بولا: "اور یہ میری جڑواں بہن ہیں۔ اس لئے ہر وقت میرے ساتھ جڑی رہتی ہیں۔"

باس بولا: "ٹھیک ہے۔"

"آپ کی ڈیمانڈ کے مطابق میں پیسے لے آئی ہوں۔ سیٹھ صاحب کو فوراً چھوڑ دیں۔" وہ انھیں بریف کیس دیتے ہوئے بولا۔

"رقم تو پوری ہے ناں؟" باس بریف کیس کھول کر رقم دیکھتے ہوئے کہا۔

"پوری رات نوٹ گن گن کر رکھے ہیں اس میں۔" وہ پُر اعتماد لہجے میں بولا۔

"بشیرے! اندر سے سیٹھ صاحب کو لے کر آؤ۔" باس بریف کیس اپنے ایک ساتھی کو پکڑاتے ہوئے بولا۔ بشیرا فوراً اندر گیا اور سیٹھ صاحب کو لے کر باہر آیا۔

"یہ دیکھیں سیٹھ صاحب! آپ کی بیوی آپ سے کتنی محبت کرتی ہیں کیسے رقم لے کر بھاگی بھاگی آ گئیں آپ کو چھڑانے کے لئے۔" باس سیٹھ سے بولا۔

لیکن! یہ تو میری بیوی نہیں ہے۔" سیٹھ صاحب نے ان کو حیرانگی سے دیکھتے ہوئے کہا۔

"کیا!!!" یہ سن کر باس اچھل کر رہ گیا۔

وہ ان کا ہاتھ دباتے ہوئے بولا: "ارے کیا ہو گیا ہے آپ کو؟ چند دنوں میں اپنی بیوی کو ہی بھول گئے ارے میں آپ کی بیوی ہوں۔" سیٹھ نزاکت اسے حیرت سے دیکھا اور آگے بڑھ گئے۔

اس سے پہلے کے دونوں جاسوس سیٹھ نزاکت کو لے کر جاتے کہ اچانک اندر سے بشیرا بھاگتے ہوئے آیا اور چیختے ہوئے بولا: "باس! نوٹ نقلی ہیں۔"

یہ سن کر باس ہکا بکا رہ گیا اور دھاڑ کر بولا: "ہمارے ساتھ دھوکا، پکڑو انھیں بچ کر جانے نہ پائیں۔"

اس سے پہلے کہ اس کے ساتھی سیٹھ نزاکت پر قابو پاتے، نوید نے فوراً جیب سے ایک تھیلی نکالی اور اسے ان کی طرف اچھال دی۔ اس تھیلی میں پسی ہوئی لال مرچیں تھیں۔ مرچیں فضا میں پھیل چکی تھیں جو ان لوگوں کی آنکھوں میں گھسنے لگیں اور پھر ان کی چیخیں فضاؤں میں گونجنے لگیں۔ دونوں جاسوس سیٹھ نزاکت کو لے کر کار کی طرف دوڑے۔ اسی دوران پولیس بھی پہنچ گئی، جنھیں انھوں نے پہلے ہی اطلاع کر دی تھی۔ باس اپنے ساتھیوں کے ساتھ اپنے منطقی انجام کو پہنچ گیا۔ جب کہ دونوں جاسوس اپنے پہلے مشن کی کامیابی پر خدا کا شکر ادا کرنے لگے۔

# گائے اور بکری

بشریٰ ذیشان



وہ ایک بہت خوبصورت ہری بھری چراگاہ تھی، جہاں خوبصورت اور صاف ندیاں بہتی تھیں۔ وہاں انار کے بہت سارے درخت تھے۔ خوبصورت پرندوں کی آوازیں ہر طرف گونج رہی تھیں۔ کسی ندی کے پاس ایک بکری چرتے چرتے آ نکلی۔ اِدھر اُدھر دیکھا تو پاس ہی اسے ایک گائے نظر آئی۔ بکری نے ادب سے گائے کی خیریت پوچھی: "کیوں بڑی بی! مزاج کیسے ہیں؟"

"خیر! اچھے ہی ہیں، کٹ رہی بڑی بھلی۔

" گائے بُرا سا منہ بناتے ہوئے بولی: "میری زندگی تو بڑی مصیبت میں ہے۔ میری تو قسمت ہی خراب ہے۔ بس اللہ کی شان ہے کہ اس نے انسان کو طاقت دی ہے۔ ہمارا انسان پر بس نہیں چلتا۔ ان انسانوں سے کوئی بھلائی نہ کرے، اگر دودھ کم دوں تو برا بھلا کہتا ہے، کمزور ہو جاؤں تو بیچ کھاتا ہے۔

ہم جانوروں کو وہ غلام بنا کر رکھتا ہے۔ جبکہ ہمارے دودھ سے اس کے بچے پلتے ہیں اور صحت مند رہتے ہیں۔

اے اللہ! یہ کیسا انصاف ہے؟"

بکری یہ سارا ماجرا سن کر بولی: "اے پیاری گائے! ایسا گلہ کرنا اچھا نہیں، سچی بات تو یہ ہے کہ یہ چراگاہ، یہ ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا، یہ ہری گھاس اور یہ سایہ دار درخت، یہ مزے سب انسانوں کے دم سے ہیں۔ ہماری بقا بھی اسی کی وجہ سے ہے۔ ایسی آزادی سے تو قید ہی بھلی جس میں ہر وقت جان کا ڈر لگا رہے۔ انسان کا تو ہم پر بڑا احسان ہے۔ ہماری جان کی حفاظت بھی کرتا ہے اور ہمارے لئے کھانے پینے کا بندوبست بھی کرتا ہے۔ انسان کا گلہ کرنا تو احسان فراموشی ہے۔"

گائے، بکری کی بات سن کر دل ہی دل میں شرمائی تھوڑی دیر کچھ سوچا، پھر بولی: "یوں تو ذات میں تم چھوٹی ہو، پر تمہاری بات دل کو لگتی ہے۔"

پھر گائے اور بکری خوشی خوشی اپنی اپنی راہ پر چلی گئیں۔

پیارے بچو! علامہ اقبال چاہتے تھے کہ بچے اچھی سوچ رکھنے والے اور شکر گزار بنیں۔

# کھچڑی کا قصور

ناہید بھٹہ، کھیوڑا



یہ 72، یا 73 کی بات ہے۔ جنوری کا مہینہ تھا اور اُن دنوں رات کو خاصی دھند پڑتی تھی۔ ہفتے کا دن تھا، والد صاحب نے کہا کہ میں یہ مچھلی پکڑ کر لایا ہوں۔ تمہاری چچی کو بھی دے دی ہے۔ باقی تم تل لینا میں گاؤں جا رہا ہوں اور رات کو آ کر کھاؤں گا۔ ہم سب بہن بھائی بڑے خوش تھے کیونکہ ایک تو سخت سردی تھی۔

آج کل کی طرح نہیں کہ سردی کو ہی ترس جاؤ۔ اوپر سے تلی ہوئی مچھلی وہ بھی گھر کی۔ خیر ہم نے دوپہر کو اسے دھو کر مصالحہ لگا کر رکھ دیا۔ تھوڑی دیر بعد ہی ہمارے بہت ہی پیارے اور خاص مہمان بھی آ گئے۔ بس پھر کیا تھا امی تو بیٹھ گئی گپیں مارنے۔ بچے سارے کھیل کود میں لگ گئے اور ہم ٹھہرے باورچی بچے۔ ہم نے باورچی خانہ سنبھال لیا۔

پھر کیا تھا، ہم تلتے جا رہے ہیں اور باقی سب کھاتے جا رہے ہیں۔

باجی نے بھی ہماری مدد کی۔ دیکھتے دیکھتے ساری مچھلی ختم ہوگئی۔ اب میں اور باجی تھوڑے پریشان بھی ہوئے کہ اباجی کیلئے مچھلی بالکل بھی نہیں بچی۔ چچی جان کہنے لگیں کہ میں رات کو پکاؤں گی تو بھائی جان کیلئے رکھ لیں گے۔ مگر رات کو اُنھوں نے نہ پکائی کہ دوپہر کو سب نے کھا تو لی ہے، میں پھر کسی اور دن پکا لوں گی اور بھائی جان گاؤں گئے ہوئے ہیں، اتنی سردی میں وہ کہاں آنے لگے۔

بس ہمیں بھی اطمینان ہوگیا کہ اباجی رات گاؤں ہی رُکیں گے۔

مگر ہماری قسمت خراب تھی۔ رات کو گیارہ بجے کے قریب اباجی ٹھٹھرتے ہوئے گھر پہنچ گئے اور امی سے کہا کہ کھانا لاؤ۔ آگے سے کھانا وہ جو کہ اباجی کو زندگی میں کبھی بھی پسند نہیں تھا۔ "کھچڑی" وہ بھی سالن شوربے کے بغیر۔ بس پھر کچھ نہ پوچھیں۔ اُس کا کیا حال ہوا۔ صبح برآمدہ ہمیں اور چڑیوں کو مل کر صاف کرنا پڑا اور سارے محلے میں اباجی کے غصے کی کہانی بچے بچے کی زبان پر تھی کہ اُن کو غصہ بھی آتا ہے؟ کیونکہ اُن کا غصہ کبھی کسی نے دیکھا ہی نہ تھا۔

اُن کا صرف اور صرف پیار ہی پیار ساری زندگی دیکھا اور پھر اُسی دن رات کو ایک چھوٹی بوری میں اور مچھلی گھر آ گئی اور صبح ہوتے ہی اباجی نے وہ خود صاف کی۔ خود پکائی اور سب کو کھلائی۔ بعد میں جب ہمیں اُن کی کہانی اور ہماری باتیں اُن کو پتہ چلی تو سب اپنی اپنی جگہ پر شرمندہ بھی ہوئے اور آخر میں قصور سارا نکلا تو پتہ ہے کس کا؟ اور اُسے پتہ بھی نہیں تھا کہ میں قصوروار ہوں۔ یعنی کھچڑی، چنے کی دال اور چاول کا۔

# جادوئی سکہ



دانیال حسن چغتائی

دور دراز کی پہاڑیوں میں ایک چھوٹا سا گاؤں تھا۔ چھوٹے چھوٹے گھر تھے۔ سبز لہلہاتے کھیت تھے۔ علی نام کا ایک لڑکا وہاں رہتا تھا۔ علی بہت بہادر تھا۔ علی معمول کے مطابق اپنے دوستوں کے ساتھ کھیل رہا تھا۔ سب دوست چھپن چھپائی کھیل رہے تھے۔ کچھ بچے کھیت میں اور کچھ جنگل میں چھپ گئے۔ علی بھی ان بچوں کے ساتھ چھپ گیا۔

جنگل میں اسے زمین پر پڑی ایک سنہری چیز دکھائی دی جو سورج کی روشنی کی وجہ سے خوب چمک رہی تھی۔ جب علی نے قریب جا کر اسے غور سے دیکھا تو معلوم ہوا کہ وہ سنہری سکہ تھا۔ علی کی آنکھیں حیرت سے پھیل گئیں۔

جیسے ہی علی نے اس سکے کو زمین سے اٹھایا، اسے ایک عجیب سی سنسنی محسوس ہوئی۔ ایک جادوئی آواز نے اس کے کان میں سرگوشی کی، "اب سے ہر چیز جو تم چھوؤ گے، سونا بن جائے گی"۔

علی پُرجوش ہونے کے ساتھ ساتھ خوفزدہ تھا۔ وہ نہیں جانتا تھا کہ اس جادوئی سکے کے ساتھ کیا کرنا ہے۔

جیسے ہی علی نے سونے کا سکہ تھاما، اسے اپنی آنکھوں پر یقین نہیں آیا۔ اس نے خود سے پوچھا "کیا ایسا ہوگا؟ کیا میں ہر چیز کو سونے میں بدل سکتا ہوں؟" اس نے جنگل کے چاروں طرف نظر دوڑائی، سوچا کہ پہلے کس چیز کو چھوئے۔

علی نے سکے کی طاقت کو جانچنے کا فیصلہ کیا۔

سب سے پہلے اس نے ایک پتے کو چھوا تو وہ سونے میں بدل گیا۔ اس نے ایک چٹان کو چھوا وہ بھی سونے میں بدل گئی۔ علی کا جوش بڑھ گیا اور اس نے ان تمام حیرت انگیز چیزوں کا تصور کرنا شروع کر دیا جن کو وہ سونے میں بدل سکتا تھا۔ ہر تجربے کے ساتھ علی کو اپنی نئی طاقت کے نتائج کا احساس ہونے لگا۔ اس نے خوبصورت پھول کو چھوا تو وہ اپنی خوشبو اور نازک خوبصورتی کو کھو کر سونے میں بدل گیا۔

اس نے گھونسلے کو چھوا تو وہ سونا بن گیا، جس سے پرندے بے گھر ہو گئے۔

علی کو ندامت اور اداسی کا احساس ہونے لگا۔ وہ سمجھ گیا کہ اس کی طاقت صرف تحفہ نہیں بلکہ ذمہ داری بھی ہے۔ اس نے اپنے گاؤں کے بارے میں سوچا کہ کس طرح اس کی طاقت گاؤں والوں کی مدد کر سکتی ہے، لیکن اسے سمجھداری سے استعمال نہ کیا جائے تو اس سے نقصان بھی ہو سکتا ہے۔ وہ بروقت سمجھ گیا تھا اور یوں اس نے سکہ گاؤں والوں کی فلاح و بہبود کیلئے استعمال کرنا شروع کر دیا تھا۔

# نصیحت پر توجہ دو

عرفان خان

ایک دفعہ کا ذکر ہے ایک چیونٹی جَو کے دانے جمع کرنے کے لئے ایک رستے سے گزر رہی تھی کہ اچانک اس کی نظر شہد کے ایک چھتے پر پڑی۔ شہد کی خوشبو سے اس کے منہ میں پانی بھر آیا۔ چھتا ایک پتھر کے اوپر لگا تھا۔ چیونٹی نے ہر چند کوشش کی کہ وہ پتھر کی دیوار سے اوپر چڑھ کر چھتے تک رسائی حاصل کرے مگر ناکام رہی کیونکہ اس کے پاؤں پھسل پھسل جاتے تھے اور وہ گر گر پڑتی تھی۔

شہد کے لالچ نے اسے آواز لگانے پر مجبور کر دیا اور وہ فریاد کرنے لگی: "اے لوگو، مجھے شہد کی طلب ہے۔ اگر کوئی جواں مرد مجھے شہد کے چھتے تک پہنچا دے تو میں اسے معاوضہ کے طور پر ایک جَو پیش کروں گی۔"

ایک پردار چیونٹی ہوا میں اڑ رہی تھی۔ اس نے چیونٹی کی آواز سنی اور اسے تنبیہ کرنے لگی: "دیکھو، ایسا نہ ہو کہ چھتے کی طرف چل دو۔ اس میں بڑا خطرہ ہے۔"

چیونٹی بولی: "فکر نہ کرو، مجھے پتا ہے کہ مجھے کیا کرنا ہے۔"

پر دار بولی: "وہاں شہد کی مکھیاں ہیں جن کے ڈنک ہیں۔"

چیونٹی بولی: "میں شہد کی مکھیوں سے نہیں ڈرتی، مجھے شہد چاہئے۔"

پر دار بولی: "شہد چپکاؤ ہے۔ تمہارے ہاتھ پاؤں اس میں الجھ جائیں گے۔"

چیونٹی بولی: "اگر یونہی ہاتھ پاؤں چپک جایا کرتے تو کوئی شہد نہ کھا پاتا۔"

پر دار بولی: "تم بہتر جانتی ہو لیکن آؤ، میری بات سنو اور شہد کا خیال چھوڑو۔ میں پر دار ہوں، سالخوردہ ہوں، اور تجربہ رکھتی ہوں۔ چھتے کی طرف جانا بہت مہنگا پڑے گا اور ممکن ہے تم کسی مصیبت میں گرفتار ہو جاؤ۔

چیونٹی بولی: "اگر ممکن ہو تو اپنی مزدوری لو اور مجھے وہاں تک پہنچا دو۔ اگر تم ایسا کرنے سے قاصر ہو تو زیادہ جوش نہ کھاؤ، مجھے کسی سرپرست کی ضرورت نہیں اور جو نصیحت کرتا ہے مجھے ایک آنکھ نہیں بھاتا۔"

پر دار بولی: "ممکن ہے کوئی ایسا نکل آئے جو تمہیں وہاں تک پہنچا دے لیکن اس میں کوئی بھلائی نظر نہیں آتی اور جس کام کا انجام اچھا نہ ہو، میں اس میں معاونت نہیں کرتی۔"

چیونٹی بولی: "خوامخواہ خود کو خستہ نہ کرو۔ میں تو آج ہر قیمت پر چھتے تک پہنچوں گی۔"

پر دار نے اپنی راہ لی اور چیونٹی نے دوبارہ آواز لگائی: "کوئی ہے جواں مرد کہ مجھے شہد کے چھتے تک پہنچا دے اور معاوضے میں ایک جَو مجھ سے وصول کرے؟"

اچانک ایک مکھی کا وہاں سے گذر ہوا۔ اس نے کہا "بے چاری چیونٹی! تمہیں شہد کی طلب ہے اور تمہیں اس کا حق ہے۔ میں تمہاری آرزو برلاتی ہوں۔"

چیونٹی بولی: "اللہ برکت دے، خدا تمہاری عمر دراز کرے۔ تمہیں کہتے ہیں خیر خواہ جانور۔" مکھی نے چیونٹی کو زمین سے اٹھایا اور اسے چھتے کے قریب بٹھا کر خود اڑ گئی۔

چیونٹی حد درجہ مسرور تھی۔ کہنے لگی: "واہ واہ! کیسی سعادت ہے کیسا چھتا ہے، کیسی اچھی بو ہے، کیسا عمدہ شہد ہے کیا مزہ ہے اس میں۔ اس سے بڑھ کر اور کیا خوش قسمتی ہو سکتی ہے۔ چیونٹیاں کس قدر بدقسمت ہیں کہ گندم اور جَو جمع کرتی رہتی ہیں اور کس وقت بھی ان کا رخ شہد کے چھتے کی جانب نہیں ہوتا۔"

چیونٹی نے اِدھر اُدھر سے کچھ شہد چاٹا اور آگے بڑھتی گئی حتیٰ کہ شہد کے حوض میں جا پہنچی اور اچانک اسے محسوس ہوا کہ اس کے ہاتھ پاؤں شہد سے چپک گئے ہیں اور اس کے لئے اپنی جگہ سے حرکت کرنا ممکن نہیں رہا۔

اس نے اپنی نجات کے لئے جس قدر کوشش کی، بے نتیجہ رہی۔ تب اس نے فریاد کی: "عجب طرح پکڑی گئی ہوں۔ اس سے بڑھ کر اور کیا بدبختی ہوگی، اے لوگو! مجھے نجات دلاؤ۔ ہے کوئی جواں مرد مجھے اس چھتے سے باہر نکال لائے اور میں اسے دو جَو انعام میں پیش کروں؟"

پیشکش پہلے بھی اک جَو کی سوا دو کی ہے، اس جہنم سے نکلنے کی یہی سوجھی ہے!

عین اس وقت پر دار چیونٹی اپنے سفر سے واپس آ رہی تھی۔

اسے اس حال میں دیکھ کر پردار کو بڑا دکھ ہوا اور اس نے فوراً اس کو مصیبت سے نکالا۔ پھر بولی: "میں تمہیں سرزنش نہیں کرنا چاہتی لیکن اتنی بات ضرور کہوں گی کہ زیادہ لالچ گرفتاری کا سبب بن جاتا ہے۔ آج تو تمہارا نصیب بلندی پر تھا کہ میں اچانک یہاں پہنچ گئی لیکن آئندہ محتاط رہنا۔ گرفتاری سے پہلے نصیحت کو غور سے سن لینا اور کسی سے مدد نہ مانگنا۔ مکھی چیونٹی کی ہمدرد نہیں اور اس کے لئے چیونٹی کا خیر خواہ ہونا ممکن بھی کہاں ہے؟"

# نادانی کا انجام



زینب فاطمہ، کراچی

ایک چھوٹے سے جنگل میں شیر بادشاہ حکومت کرتا تھا۔ شیر نہایت جلد باز اور بے وقوف تھا۔ وہ روزانہ جنگل کے کسی بھی جانور کو کھا کر اپنے پیٹ کی آگ بجھاتا تھا۔ ایک دن جب شیر نیند سے بیدار ہوا تو اپنے سپاہیوں کو حکم دیا کہ کوئی صحت مند جانور لاؤ۔ کچھ دیر بعد سپاہی ایک صحت مند خرگوش کو لے آئے۔ وہ خرگوش بہت چالاک تھا۔

شیر جب خرگوش کو پکڑنے کے لئے آگے بڑھا تو خرگوش نہایت عاجزی سے بولا: "بادشاہ سلامت! میری آپ سے ایک درخواست ہے۔ گستاخی معاف کیجیے گا، مگر یہ بات نہایت ضروری ہے۔"

شیر نے حیران ہو کر خرگوش سے کہا: "بتا کیا درخواست ہے تیری۔" خرگوش نے بادشاہ سے کہا: "بادشاہ سلامت! دراصل بات یہ ہے کہ آپ روزانہ کسی نہ کسی جانور کو کھا جاتے ہیں۔

ملک کی آبادی ویسے ہی بہت کم ہے اور آپ اسی طرح جانوروں کو کھاتے رہے تو ایک دن آئے گا کہ ساری آبادی ختم ہو جائے گی، پھر آپ کس کے بادشاہ رہیں گے۔"

شیر یہ بات سن کر ہکا بکا رہ گیا اور بولا: "تو تم بتاؤ کہ میں اب کیا کروں۔"

خرگوش بولا: "اگر آپ بھی سبزی خور جانوروں کی طرح گھاس وغیرہ کھائیں تو بھی آپ زندہ رہیں گے جس طرح ہم زندہ رہتے ہیں۔"

شیر نے خرگوش کو یہ تجویز دینے پر رہا کر دیا اور اعلان کرا دیا کہ اب سے کوئی جانور گوشت نہیں کھائے گا اور اگر کھایا تو اسے دردناک سزا ملے گی۔ کچھ دن گزر گئے شیر سمیت سب گوشت خور جانور سبزی گھاس کھانے لگے مگر سب کی صحت بگڑ گئی اور کچھ تو ہلاک ہو گئے۔ شیر بھی بیمار رہنے لگا تھا۔ اسے بھی کڑوی گھاس راس نہیں آئی۔ تنگ آ کر شیر نے اسی خرگوش کو دربار میں طلب کیا، مگر نادان شیر کو پتا چلا کہ خرگوش اسے جھانسا دے کر بھاگ چکا ہے۔ شیر نے اب اس قانون کو رد کر دیا، کیونکہ وہ اب جان چکا تھا کہ سوچے سمجھے بغیر فیصلہ لینے کا کیا انجام ہوتا ہے۔

